
© rasailojaraid.com



## قرآنی اداروں کا تعارف



" میزان " کے موضوعات میں سے ایک ' پاکستان اور عالم اسلام میں قرآن کریم کی ترویج و تبلیغ میں مصروف اداروں کا صحیح تعارف بھی ہے صفحات کی گنجائش کے مطابق ہم ہر ایسے ادارے کے منصوبوں اور پروگراموں سے قارئین کو آگاہ کرنا اپنا قرآنی فریضہ سمجھتے ہیں 'ایسے ادارے اپنا تعارف اور پروگرام مفید شکل میں میزان کو بھیجیں تو خوش آمدید کہا جائے گا ۔ " **ادارہ** "

# قرآن پروجیکٹر شو

### دنیا بھر کی تیس (30) سے زائد مملکتوں میں متعارف
### انٹرنیشنل قرآن سیشن (تعارف اور مقاصد)

انٹرنیشنل قرآن سیشن 1985ء میں برطانیہ (U.K) میں ترتیب دیا گیا ۔ ابتداء میں دو سال تک بریڈ فورڈ (برطانیہ) کی مرکزی لائبریری میں یہ سلسلہ جاری رہا پھر انگلینڈ کے مزید شہروں میں پروگرامات کئے گئے اور اس طرح کام کا دائرہ وسیع تر ہوتا گیا ۔ انٹرنیشنل قرآن سیشنز (IQS) انگلینڈ کے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مختلف شہروں ' کالجوں ' یونیورسٹیوں اور پاکستان بھر میں منعقد کئے جا چکے ہیں ۔

ابتداء سے اب تک سیشنز (Sessions) کے پھیلاؤ کا سلسلہ جاری رہا اور اب تک یہ سیشنز چونتیس (34) سے زائد مملکتوں میں متعارف ہو چکے ہیں ۔ الحمدللہ ان سیشنز کو نوجوانوں نے بہت پسند کیا ہے اور یہ نئی نسل میں بہت تیزی سے مقبول ہو رہے ہیں جس کا مختصر بیان آخر میں منسلک ہے ۔

قرآن سیشنز کا نصاب مختلف ممالک کے مسلم علماء ' دانشوروں اور رہنماؤں کی مدد سے تیار کیا گیا ہے ۔ شرکاء کی آراء کو پیش نظر رکھتے ہوئے اسے سال میں ایک یا دو بار Update کیا جاتا ہے ۔ ان سیشنز کی تیاری اور پیش کرنے میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی جدید ترین Advancments کو استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔

## قرآن سیشن کے پانچ Versions ہیں :

(۱) لڑکوں کے لئے اردو میں (۲) لڑکیوں کے لئے اردو میں

(۳) لڑکوں کے لئے انگریزی میں (۴) لڑکیوں کے لئے انگریزی میں

(۵) خلوط ( لڑکے و لڑکیاں ) کلاس کے لئے اردو ' انگریزی

ہر version کی مزید تقسیم کی گئی ہے ۔ جس میں مڈل ' ہائی ' انٹر ' گریجوایٹ ' ماسٹر اور پی ایچ ڈی کے طلباء و طالبات کے معیار کو مد نظر رکھا گیا ہے ۔

اس پروگرام کا مقصد نوجوان نسل کو قرآن حکیم جیسی عظیم الشان کتاب کے قریب لانا ہے تاکہ ان کا قرآن سے ایک مضبوط تعلق استوار کیا جائے ۔ قرآن کی تعلیمات کو سمجھا جائے ۔ اپنی زندگی میں لاگو کیا جائے اور پوری نوع انسانی تک اس کا پیغام رحمت پہنچانے کا عزم کیا جائے ۔ کیونکہ اسی میں سکون بھی ہے اور نجات بھی ۔

گھر کا نظام ہو یا کاروبار سلطنت ' معیشت ہو یا معاشرت قرآن زندگی کے ہر پہلو کے بارے میں



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہماری رہنمائی کرتا ہے اور مختلف چھوٹی بڑی پگڈنڈیوں کے مقابلے میں ایک واضح راہ راست متعین کرتا ہے۔

پاکستان میں 25 اداروں یونیورسٹیوں کالجوں سکولوں اور شہروں کے طلباء و طالبات اور دوسرے افراد اس سے استفادہ کر چکے ہیں۔ صرف پنجاب یونیورسٹی کے 30 شعبہ جات ہاسٹلز اداروں اور فیکلیٹی کے طلباء طالبات و اساتذہ کرام اس سے مستفید ہو چکے ہیں۔ انگلینڈ (U.K) میں 31 اداروں، یونیورسٹیوں، کالجوں، سکولوں اور شہروں کے طلبہ و طالبات اور دوسرے افراد اس سے مستفید ہو چکے ہیں۔ انٹرنیشنل قرآن سیشن چونتیس (۳۴) سے زائد مملکتوں میں متعارف ہو چکے ہیں

نوجوانوں میں قرآن کی محبت اور سیکھنے کا شوق پیدا کرنے کے لئے اپنے ملک، گاؤں، تعلیمی اداروں، سکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں منعقد کروانے کے لئے آپ رابطہ کر سکتے ہیں۔

قرآن سوسائٹی پوسٹ بکس نمبر 10281 لاہور۔ پاکستان فون: 8535088 فیکس: 7329128



© rasailojaraid.com